سوال

پشاب کے چھینٹوں سے غسل اور عذاب قبر

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر پشاب کے چھینٹے کپڑوں پر یا پاؤں پر پڑ جائیں تو کیا غسل لازمی کرنا ہو گا اور کپڑے بھی بدلنے ہوں گے۔ اور کیا یہ عذاب قبر کا بھی باعث ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پشاب کے چھینٹے اگر سستی اور غفلت کی وجہ سے جسم یا کپڑوں پر پڑیں تو اس کے لیے عذاب قبر کی وعید ہے۔ شیخ صالح المنجد اس بارے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں :

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ یا مکہ کے باغوں میں سے ایک باغ کے پاس سے گزرے تو دو انسانوں کو ان کی قبر میں عذاب دیے جانے کی آواز سنی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

" ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے، اور انہیں عذاب کسی بڑی چیز کی بنا پر نہیں ہو رہا، پھر فرمایا : کیوں نہیں، ان میں سے ایک شخص تو اپنے پشاب سے بچتا نہیں تھا، اور دوسرا چغلی اور غیبت کرتا تھا، پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی ایک سبز ٹہنی منگوائی اور اسے دو ٹکڑے کر کے ہر قبر پر ایک ٹکڑا رکھ دیا

کسی نے عرض کیا اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے ایسا کیوں کیا ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : امید ہے کہ جب تک یہ خشک نہ ہو گی یا ان کے خشک ہونے تک ان پر تخفیف کی جائیگی "

صحیح بخاری حدیث نمبر (216) صحیح مسلم حدیث نمبر (292)

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں :

"لایستنزہ عن البول او من البول"

اور نسائی کی روایت میں ہے :

"لایستبرء من بولہ"

علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح نسائی میں اسے صحیح کہا ہے

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان : "لایستتر من بولہ" اس میں تین روایات ہیں : "یستتر" دوتاء کے ساتھ اور "یستنزہ" زاء اورہاء کے ساتھ اور "یستبرء" باء اور ہمزہ کے ساتھ، یہ سب روایات صحیح ہیں اوران کا معنی یہ ہے کہ وہ پیشاب کے چھینٹوں سے اجتناب اوراحتراز نہیں کرتا تھا

دیکھیں : شرح مسلم للنووی (201/3) اختصار کے ساتھ

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

قولہ : "لایستتر" اکثر روایات میں ایسا ہی ہے، اورابن عساکر کی روایت میں "یستبرء" کے لفظ ہیں، اور مسلم اورابوداود کی اعمش سے مروی روایت میں "یستنزہ" کے لفظ ہیں

اکثر روایات کی بنا پر "یستتر" کا معنی یہ ہو گا کہ : وہ اپنے اور پیشاب کے درمیان آڑ نہیں کرتا تھا یعنی وہ اس کے چھینٹوں حفاظت نہیں کرتا تھا، تو لایستنزہ والی روایت کے موافق ہو جائیگا کیونکہ تنزہ ابعاد کو کہا جاتا ہے

اور ابو نعیم کی المستخرج میں وکیع عن الاعمش کے طریق سے روایت میں ہے کہ : "لا یتوقع" اور یہ تفسیر ہے کہ اس سے کیا مراد ہے، اور بعض علماء نے اسے اپنے ظاہر پر ہی رکھتے ہوئے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے کہ : وہ اپنی شرمگاہ نہیں چھپاتا تھا....

اور "الاستبراء" والی روایت تو بچاؤ کے اعتبار سے زیادہ بلیغ ہے

ابن دقیق العید کہتے ہیں کہ : اگر استتار کو حقیقت پر محمول کیا جائے تو یہ لازم آتا ہے کہ صرف شرمگاہ ننگی کرنا ہی مذکورہ عذاب کا سبب ہے، اور حدیث کا سیاق وسباق اس کی دلیل ہے کہ عذاب قبر کا باعث تو خاص پیشاب تھا، اس کی طرف اشارہ کرتا ہے جسے ابن خزیمہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی مرفوع حدیث کو صحیح کہا ہے کہ :

"قبر کا اکثر عذاب پیشاب سے ہے"

یعنی پیشاب سے نہ بچنا عذاب قبر کا باعث ہے، وہ کہتے ہیں : اس کی تائید حدیث میں "من" کے الفاظ سے ہوتی ہے، جب اس کی اضافت بول کی طرف ہوئی تو استتار کی نسبت جو معدوم تھی بول کی طرف ہے وہ عذاب کا سبب ہے

دوسرے معنوں میں اسطرح کہ : عذاب کا ابتدائی سبب پیشاب ہے، اور اگر اسے صرف شرمگاہ ننگی کرنے پر ہی محمول کرلیا جائے تو یہ معنی زائل ہو جائیگا، تو اسے مجاز پر محمول کرنا متعین ہوگیا تاکہ سب احادیث کے الفاظ ایک معنی پر جمع ہو جائیں، کیونکہ اس کا مخرج ایک ہی ہے، اور اس کی تائید مسند احمد کی ابو بکرہ رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث سے ہوتی ہے جو کہ ابن ماجہ میں بھی ہے :

"ان میں سے ایک کو پیشاب کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے"

اور طبرانی میں بھی انس رضی اللہ تعالی عنہ سے اس جیسی ہی حدیث ملتی ہے

دیکھیں: فتح الباری (318/1).

صنعانی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ ان میں سے ایک کے عذاب کا سبب یہ تھا کہ: "اس لیے کہ وہ پیشاب سے اجتناب اور بچاؤ اختیار نہیں کرتا تھا" یا اس لیے کہ وہ اپنے پیشاب سے پردہ نہیں کرتا تھا یعنی وہ اپنے اور اپنے پیشاب کے مابین آڑ نہیں کرتا تھا تاکہ چھینٹے پڑنے سے بچ سکے، یا اس لیے کہ وہ بچتا نہیں تھا، یہ سب الفاظ روایات میں وارد ہیں، اور سب کے سب پیشاب سے بچنے اور اس کے چھینٹوں پڑنے کی حرمت پر دلالت کرتے ہیں

دیکھیں: سبل السلام (119-120/1).

خلاصہ یہ ہوا کہ:

صحیح روایات کے الفاظ یہ ہیں:

"لایستتر" اور "لایستبرء" اور "لایتنزہ" یہ سب الفاظ ایک ہی معنی پر دلالت کرتے ہیں، جیسا کہ آئمہ کرام کی کلام بیان ہو چکی ہے، اور اس میں اختلاف اصل کلمہ اور اس کے لغوی اشتقاق میں ہے لہذا کلمہ "لایستتر" استتار سے ہے، اور اس کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنے اور اپنے پیشاب کے مابین آڑ نہیں کرتا تھا

اور "لایستبرء" استبراء سے ہے جو کہ صفائی اور حفاظت کے معنی ہے

اور "لاینتزہ" کا لفظ تنزہ سے ہے اور اس کا معنی ابعاد اور دوری ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث